سوال

(320) دوران خطبہ دو رکعت پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حدیث شریف ہے کہ نماز جمعہ میں امام خطبہ دے رہا ہو تو بیٹھنے سے قبل ہلکی دو رکعت پڑھ لو کیا یہ تحیۃ المسجد ہیں ؟ اور کیا اس وقت ۴ رکعت سنت مؤکدہ پڑھی جا سکتی ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ دو رکعتیں تحیۃ المسجد بھی ہیں اور «مَا مِن صَلَاةٍ مَفرُوضَةٍ اِلَّا وَبَيْنَ يَدَيهَا رَكعَتَانِ» (سلسلة الاحادیث الصحیحة ج 1 حدیث 232 ص 411 باب الجمعة) بھی دوران خطبہ جمعہ چار رکعات نہیں پڑھ سکتا چار رکعت سنت مؤکدہ والا مسئلہ ظہر سے پہلے ہے۔جمعہ سے پہلے نہیں خطبہ جمعہ شروع ہونے سے پہلے پہنچے تو خطبہ شروع ہونے تک دو، چار، چھ، آٹھ اور دس جتنی نماز اس کے مقدر میں ہو پڑھ سکتا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص 246

محدث فتویٰ